# 22156 ـ مسلمان شخص کی حاملہ عیسائی بیوی کہاں دفن کی جائے گی

**سوال**

مسلمان شخص سے حاملہ نصرانی عورت کہاں دفن کی جائے گی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شیخ الاسلام ابن تیمیۃ رحمہ اللہ تعالی سے مندرجہ ذیل سوال کیا گیا:

ایك مسلمان شخص کی عیسائی بیوی فوت ہوگئی جس کے پیٹ میں سات ماہ کا بچہ ہے، تو کیا اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائےگا، یا عیسائیوں کے قبرستان میں؟

ان کا جواب تھا:

وہ مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں کی جائےگی، اور نہ ہی عیسائیوں کے قبرستان میں، کیونکہ مسلمان اور کافر جمع ہیں، لھذا نہ تو کافر مسلمانوں کے ساتھ اور نہ ہی مسلمان کافروں کے ساتھ دفن ہوگا، بلکہ اسے علیحدہ دفن کیا جائےگا، اور اس کی پشت قبلہ کی طرف کی جائےگی، کیونکہ بچے کا منہ اس کی پشت کی طرف ہے، اور جب اسےاس طرح دفن کیا جائےگا تو بچے کا منہ قبلہ رخ ہوگا، اور بالاتفاق علماء کرام بچہ اپنے والد کے اسلام کی بنا پر مسلمان ہوگا، اگرچہ اس کی ماں کافرہ ہی ہے.

واللہ اعلم .